لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۴۲ — مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ محرم الحرام ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۳ اکتوبر ۱۹۱۹ء — جلد ۳۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

معہ نقل عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

انتظام مندرجہ یادداشت منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعزعرض
پیر خانہ

جناب عالی

رپورٹ جناب سپرنٹنڈنٹ آبکاری ہمرشتہ ہذا معروضہ ۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء مفصل ہی انتظام عہدہ انسپکٹر آبکاری صاحب موصوف نے تجویز کیا ہی کہ عہدہ انسپکٹری شکست کرکے بعوض اسکے ایک انسپکٹر و دو سب انسپکٹر بنا دیے جائیں۔ صاحبزادہ اخلاق حسین خان پیشکار آبکاری انچارج گودام پچیس روپیہ مشاہرہ بندرہ روپیہ الاونس کل چالیس روپیہ ماہانہ ملتے ہیں انکو سب انسپکٹر مقرر کردیا جائے۔ چالیس روپیہ تنخواہ اور دس روپیہ الاونس جملہ پچاس روپیہ ماہانہ ملتا رہے اور ریاض الحسنین محکمہ صدر سے تیس روپیہ ماہوار پاتے ہیں وہ سررشتہ آبکاری میں پیشکاری کا کام انجام دیتے ہیں انکو چالیس روپیہ ماہانہ تنخواہ اور دس روپیہ الاونس مقرر کرکے بعہدہ سب انسپکٹری آبکاری مقرر کردیا جائے اور بجای صاحبزادہ اخلاق حسین خان پیشکار کے احمد سعید خان محرر کو بعہدہ پیشکاری مبلغ بیس روپیہ ماہانہ پر مقرر کردیا جائے محرر چونکہ صیغہ جوڈیشلی کا ہی اسلئے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے اس بابت دریافت کیا گیا صاحب موصوف نے اسکے صیغہ آبکاری میں منتقل کرنے کو منظور کیا ہی۔ لہذا اجلاس کا عذات پیش کرکے التماس ہی کہ بصراحت بالا انتظام منظور فرمایا جائے اس صورت میں بیس روپیہ ماہانہ کی بچت صیغہ آبکاری اور بیس روپیہ ماہانہ کی بچت صیغہ مال ہوگی۔ زر تنخواہ عبد المجید خان ریونیو سکریٹری بہادر معروضہ ۱۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر واقع ۲۲ر ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

صیغہ میونسپلٹی ایک ایسا صیغہ ہی کہ جس میں زیادہ نگرانی اور توجہ کی ضرورت ہی میونسپل افسر صاحب اگرچہ اس وقت تک بہت محنت و جانفشانی سے کام کررہے ہیں مگر فی الحقیقت میونسپلٹی میں اس قدر زیادہ کام ہی کہ ایک شخص پوری نگرانی بشکل کرسکتا ہی اس لیے بنظر اصلاح کار سرکار فی الحال یہ تجویز کیجاتی ہی کہ صیغہ تعمیرات میونسپلٹی کا جو موجودہ عملہ تعمیرات جس میں ایک سب اورسیر ایک مستری ایک بل کلرک دو سپاہی انیس بیلدار ایک میٹ بیلداران ایک انجن ڈرائیور ایک فائرمین دو قلی ایک سقہ مستقل ملازم اور دس بیلدار ایک نقشہ نویس تحریر مستقل ملازم ہیں۔ محمد ابراہیم علی خان صاحب پرسنل اسسٹنٹ کے سپرد کیا جائے آئندہ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

شہر کے سب کھرنجوں اور سڑک اسکے متعلقہ جیسے پلی و نالیوں و پلیوں وغیرہ کی مرمت و تعمیر کا کام وہ انجام دینگے مذکورہ بالا عملہ تعمیرات براہ راست حسب موقع کی نگرانی میں رہے گا سپرنٹنڈنٹ صفائی کھرنجوں و نالیوں و پلیوں وغیرہ کی مرمت و تعمیرات کی رپورٹیں بھی براہ راست انکو کیا کرینگے اور وہ بعد ملاحظہ موقع اپنی مفصل تحریر بصدور حکم کے بھیجا جائے اجلاس میں پیش کیا کرینگے چونکہ من موہن لال بل کلرک رامپور ہوٹل کا بھی کام انجام دیتا ہی اسواسطے بجای من موہن لال عنایت اللہ محرر کو اجلاس پرسنل اسسٹنٹ صاحب میں بھیجدیا جائے اور من موہن لال سے کار متعلقہ عنایت اللہ محرر و رامپور ہوٹل کا لیا جائے۔ لہذا حکم ہوا کہ حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم سکرٹری بہادر

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب تحریر مالکصاحب صدر و سررشتہ دار صاحب عہدہ تقرر الہشری پرشاد برادر زادہ ہری سنگھ متوفی محرر محافظ خانہ صدر بجای متوفی مذکور بمشاہرہ بندرہ روپیہ ماہوار منظور ہوا۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۲۵ر ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء

احمد سعید خان اہلمد متعینہ عدالت صاحب مجسٹریٹ آبکاری کی ملازمت صیغہ مال میں منتقل ہوگئی ہی۔ صاحب مجسٹریٹ آبکاری اپنے اجلاس میں رشید حسن بیگ اہلمد کو لینا چاہتے ہیں۔ لہذا رشید حسن بیگ عدالت فوجداری ضلع کو عدالت مجسٹریٹی آبکاری میں بجای احمد سعید خان مبدلہ کام کریں اور رشید حسن بیگ کی جگہ پر مقصود احمد خان محرر محافظ خانہ دیوانی اپنی تنخواہ پر تبدیل ہو۔ اور مقصود احمد خان کی جگہ امتحانا برای چند ماہ عبد العزیز خان ولد عبد الجمیل خان امیدوار بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار محرر محافظ خانہ کیا جاوے قبل مدت مفتی صاحب دیوانی عبد العزیز خان کے کام کی بابت رپورٹ کرینگے۔

حکم ہوا کہ

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور از ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۷ اکتوبر ۱۹۱۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		[illegible] سار				۰۵ سار	دیگر تحصیلات سے نقشہ جات نہیں آئے۔
نخود خالص		[illegible] سار				۵ سار	
نخود کسہ آمیز		[illegible] سار				[illegible] سار	
کسہ		۔				۰۵ سار	
ماش		۔				۵ سار	
مونگ		۔				۴ سار	
مکا		[illegible] سار				۸ سار	
جنی		۔				—	
گوجئی		۔				[illegible] سار	
عدس		۔				۔	
ارہر		[illegible]				۔	
برنج		[illegible] سار				[illegible] سار	
روغن زرد		۰ سار				[illegible] سار	
روغن سیاہ		[illegible] سار				[illegible] سار	
روغن کنجد		[illegible] سار				۰ سار	
نمک سانبھر		۱۱ سار				۱۱ سار	
نمک لاہوری		[illegible] سار				[illegible] سار	
قند سیاہ		[illegible] سار				[illegible] سار	
باجرہ		۔				[illegible]	